02/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

معذور افراد کو مفت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل فراہم کرانے کیلئے 32.56 کروڑ روپئے منظور

لکھنؤ: ۲/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

ریاستی حکومت نے رواں مالیاتی سال میں معذور افراد کو مفت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل فراہم کرائے جانے کیلئے اسکیم پر عمل آوری کے واسطے 32.56 کروڑ روپئے کی رقم منظور کی ہے۔منظور کی گئی رقم کے استعمال/خرچ کی منظوری سمیت ڈائرکٹر معذور افراد مستحکم کاری محکمہ کو فراہم کرادی گئی ہے۔

اس ضمن میں محکمۂ معذور افراد مستحکم کاری نے ضروری حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔حکم نامہ کے مطابق اسکیم کے تحت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل کی خریداری کی کارروائی جیم پورٹل کے توسط سے ضابطہ کے مطابق شفاف عمل کے حساب سے کی جائیگی۔منظور کی گئی رقم کی نکاسی یک مشت نہ کرکے،ضرورت اور ضابطہ کے مطابق کی جائیگی۔آلات کی خریداری مجاز سطح سے منظوری کے بعد حکومت کے ذریعہ جاری خریداری سے متلعق ضوابط اور دیگر مالی بندوبستوں پر عمل کرتے ہوئے یقینی بنائی جائیگی۔

☆☆☆☆☆